# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

3

Date: 11 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

**::::::سرخیاں::::::**

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مرکزی کابینہ کے محکمے تقسیم؛ سینئر وزیروں کو پرانے محکمے برقرار؛ رَکھشا کھڑسے کو نوجوانوں کے اُمور اور کھیل، جبکہ مرلی دھر موہوڑ کو تعاون اور شہری ہوابازی کی وزارت۔

☆ راشٹروادی کانگریس پارٹی قومی جمہوری اتحاد کا حصہ: اجیت پوار کا بیان۔

اور۔۔۔☆ پربھنی اور لاتور میں بادل پھٹنے جیسی زوردار بارش۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت کے مرکزی کابینہ کے قلمدان کل مختص کر دیئے گئے۔ وزیرِ اعظم مودی کے پاس عملہ، عوامی شکایات‘ وظیفہ یابی سے متعلق اُمور‘ جوہری توانائی‘ خلائی محکمہ‘ پالیسی سازی اور کسی بھی وزیر کو نہ دیئے جانے والے قلمدان رہیں گے۔

راجناتھ سنگھ کے پاس دفاع‘ امت شاہ کو داخلہ‘ نتن گڈکری شاہراہ وحمل ونقل‘ نرملا سیتا رمن خزانہ اور صنعتی کاروبار‘ جبکہ ایس جےئ شنکر کو وزارتِ خارجہ کی ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں۔

اسی طرح اَشوینی وَیشنو کو وزارتِ ریلوے سمیت اطلاعات ونشریات وانفارمیشن ٹیکنالوجی کا محکمہ برقرار رکھا گیا ہے‘ جبکہ سابقہ حکومت میں اطلاعاتِ عامہ کے وزیر ایل مُرُوگن کے پاس وہی ذمہ داریاں باقی رکھی گئی ہیں۔ پیوش گوئل کو کامرس اور صنعت‘ جبکہ دھرمیندر ردھان کو وزارتِ تعلیم کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ جگت پرکاش نڈا خاندانی بہبود سمیت کیمیا وکھاد کا قلمدان سنبھالیں گے۔

مرکزی کابینہ میں شامل کیے گئے مدھیہ پردیش کے سابق وزیرِ اعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان کو زراعت اور دیہی ترقیات کا محکمہ دیا گیا ہے‘ جبکہ کرناٹک کے سابق وزیرِ اعلیٰ ایچ ڈی کمارسوامی کو فولادی صنعت‘ ہریانہ کے سابق وزیرِ اعلیٰ منوہر لال ہاؤزنگ‘ شہری معاملات‘ توانائی‘ بہار کے سابق وزیرِ اعلیٰ جیتن رام مانجھی کو درمیانی اور چھوٹی صنعت‘ آسام کے سابق وزیرِ اعلیٰ سروانند سونووال کو بندرگاہ اور آبی شاہراہ کے قلمدان سونپے گئے ہیں۔ رام داس آٹھولے کو سماجی انصاف واستحکام‘ رکھشا کھڑسے بہبودِ نوجوان اور کھیل‘ مرلی دھر موہوڑ کو امدادِ باہمی وشہری ہوابازی محکمے کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔

***** ***** *****

پی ایم آواس اسکیم کے تحت ملک بھر میں تین کروڑ گھر تعمیر کیے جائیں گے۔ مرکزی کابینہ کی کل ہوئی پہلی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ ان گھروں میں بیت الخلاٗ گھر کے استعمال کیلئے گیس، بجلی اور نل کنکشن مہیا کیے جائیں گے۔ اس اسکیم کے تحت ملک بھر میں گذشتہ دس سالوں میں چار کروڑ 21 لاکھ گھر تعمیر کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس اجیت پوار گروپ کے صدر اجیت پوار نے کہا ہے کہ راشٹروادی کانگریس پارٹی NDA کا حصہ ہے۔ راشٹروادی کانگریس کے پچیسویں یومِ تاسیس کے موقع پر ممبئی کے شن مکھا نند ہال میں منعقدہ تقریب سے وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی وزیر کے[3] عہدہ کو لیکر کوئی ناراضگی نہیں ہے۔ آزادانہ چارج کا مملکتی وزیر کے عہدہ کی پیشکش NDA کی جانب سے ملی تھی، لیکن فی الحال اس کو قبول نہیں کیا گیا بلکہ NDA کے ساتھ ہی کام کریں گے۔

دریں اثنا' پونہ میں راشٹروادی کانگریس بھون میں راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار کی موجودگی میں یومِ تاسیس منایا گیا۔ شرد پوار نے کہا کہ قومی افراد کے رہنما خیالات پر عمل کرتے ہوئے ہی جدید مہاراشٹر کے موجد یشونت راؤ چوہان کے بتائے گئے 80 فیصد سماجی کام اور 20 فیصد سیاست کے مطابق ہم کام کررہے ہیں۔

***** ***** *****

ودھان پریشد کے ناسک ٹیچر اسمبلی حلقے میں کل ہوئی عریضوں کی چھان بین میں دو درخواستوں کو نا اہل پایا گیا، جبکہ 36 درخواستیں اہل پائی گئیں۔ اس الیکشن کیلئے کل 12 جون تک درخواستیں واپس لی جاسکتی ہیں۔

***** ***** *****

ناسک کی مہاراشٹر طبّی سائنس یونیورسٹی کے کئی نصاب اب آن لائن فراہم کرنے کی اطلاع یونیورسٹی کے وائس چانسلر سبکدوش لیفٹیننٹ جنرل مادھوری کانٹکر نے دی ہے۔ طبّی سائنس یونیورسٹی کے چھبیسویں یومِ تاسیس کے موقع پر وہ مخاطب تھیں۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے پربھنی اور لاتور ضلعوں میں بادل پھٹنے کی طرح بارش ہوئی۔ مانوت تعلقے کے مانولی گاؤں میں ہوئی بارش سے ندی میں سیلاب آ گیا' جس میں دو خواتین بہہ گئیں۔ جن میں ایک خاتون کو بچالیا گیا' جبکہ دوسری خاتون سنیتا لوہاڑے کا دیر رات گئے تک سراغ نہیں مل پایا۔

لاتور شہر سمیت ضلع کے جلکوٹ' اودگیر، چاکور، احمد پور تعلقوں میں کل موسلا دھار بارش ہوئی۔ جلکوٹ تعلقے کے کئی حصوں میں بادل پھٹنے کی طرح بارش ہوئی، نتیجتاً ندی اور کھیتوں میں پانی جمع ہوگیا ہے۔ انتظامیہ نے لوگوں سے احتیاط برتنے کی اپیل کی ہے۔

جالنہ ضلعے کے گھن ساونگی تعلقہ میں کل شام زوردار بارش ہوئی۔ پہلی ہی بارش میں اس علاقہ کے پاجھر تالاب سو فیصد بھر گئے اور سب جگہ کھیتوں میں پانی جمع ہوگیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں بھی کل زوردار بارش ہوئی۔

دریں اثنا' شہر کو پانی فراہم کرنے والی لائن پھوٹنے سے جالان نگر کے کچھ دکانوں اور گھروں میں پانی جمع ہوگیا۔

***** ***** *****

ایودھیا میں مجوزہ مہاراشٹر سدن آئندہ دو سالوں میں مکمل ہونے کی اطلاع تعمیراتِ عامہ کے وزیر رویندر چوہان نے دی ہے۔ اس سدن کیلئے اُتر پردیش حکومت کے ذریعے منظور کردہ جگہ کا دورہ چوہان نے کیا۔ یہ جگہ شری رام جنم بھومی مندر سے ساڑھے سات کلومیٹر فاصلے پر ہے اور ایودھیا دھام ریلوے اسٹیشن سے ساڑھے چار کلومیٹر فاصلے پر ہے' جبکہ مہرشی والمیکی بین الاقوامی ہوائی اڈے سے گیارہ کلومیٹر فاصلے پر ہے۔

***** ***** *****

ممبئی کرکٹ اسوسی ایشن کے صدر امول کاڑے کا امریکہ میں انتقال ہوگیا۔ بھارت۔ پاکستان میچ دیکھتے ہوئے کاڑے کو دل کا دورہ پڑا تھا، انھیں فوراً اسپتال لے جایا گیا، لیکن اُسی بیچ ان کا انتقال ہوگیا۔

***** ***** *****

مرکزی ثانوی تعلیمی بورڈ CBSE نے اپنا نصاب اور تعلیمی اشیا سے متعلق پھیلنے والی افواہوں سے ہوشیار رہنے کی طلبہ اور سرپرستوں سے اپیل کی ہے۔اس معاملے میں بورڈ کی ویب سائٹ پر دی گئیں ہدایات پر غور کرنے کی اطلاع دی گئی ہے۔

***** ***** *****

طبّی نصاب میں داخلوں کیلئے لیے گئے NEET امتحان سے متعلق ہوئی بدنظمی اور اس سے متعلق جانچ کا مطالبہ کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کیا ہے۔انھوں نے اس کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے تمام ڈویژنوں کے کمشنرس کو احکامات دیئے ہیں کہ خریف ہنگام میں کسانوں کو ضروری مقدار میں بیج اور کھاد کی فراہمی اور اہل کسانوں کو قرض کی فراہمی کی جائے۔وہ کل اس ضمن میں منعقدہ ویڈیو کانفرنسنگ جائزاتی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔انھوں نے کہا کہ کھاد اور بیج کی وجہ سے تخم ریزی میں دیر نہ ہو‘اس کا خیال رکھیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے احکامات دیئے ہیں کہ خریف ہنگام کیلئے بینک کسانوں کو فصل قرض کی تجدید کی اہمیت بتلائیں اور فصل قرض کی تقسیم کو اوّلیت دیں۔وہ ضلع کے سالانہ کریڈٹ منصوبہ کی اشاعت کے موقع پر مخاطب تھے۔اس معاشی سال کیلئے ضلع کو 23 ہزار 162 کروڑ روپئے کا کریڈٹ منصوبہ منظور کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے کہا ہے کہ مراٹھا سماج کے مطالبات پورے نہیں کیے گئے تو آئندہ اسمبلی انتخابات میں نتائج غیر متوقع ہوں گے۔جالنہ ضلع کے آنتروالی سراٹی میں بھوک ہڑتال پر بیٹھے جرانگے پاٹل کل نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔انھوں نے کہا کہ مراٹھا ریزرویشن کی مخالفت کرنے والوں کی مخالفت کریں گے اور الیکشن میں تمام ذات و مذاہب کے 288 امیدوار کھڑا کریں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میں کُل ہند برہمن سماج کی جانب سے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحان میں کامیاب طلبہ کی ستائش کی گئی۔سمرتھ نگر کے رام مندر میں کل دوپہر ہوئے ایک پروگرام میں تقریباً ڈیڑھ سو طلبہ کو معززین کے ہاتھوں مومنٹو دیکر ستائش کی گئی۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں دو تیز رفتار دو پہیہ گاڑیوں کی آپسی ٹکر کی وجہ سے حادثہ میں دو افراد ہلاک ہوگئے۔جالنہ۔عنبڑ راستے کے ہارَت کھیڑہ پھاٹے پر کل دوپہر تین بجے کے قریب یہ حادثہ پیش آیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے گورنمنٹ میڈیکل کالج کے امراض چشم شعبہ کی جانب سے 10 جون تا 16 جون تک قومی اندھاپن انسداد پروگرام کے تحت بینائی کا ہفتہ منایا جارہا ہے۔یہ ہفتہ ڈاکٹر رام چندر بھال چندر کی یاد میں وقف ہے‘ جو کل سے شروع ہوا ہے۔

***** ***** *****

:::::::سرخیاں::::::

3

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مرکزی کابینہ کے محکمے تقسیم؛سینئر وزیروں کو پرانے محکمے برقرار؛ رَکھشا کھڑسے کونوجوانوں کے اُمور اور کھیل، جبکہ مری دھر موہوڑ کو تعاون اور شہری ہوابازی کی وزارت۔

☆ راشٹروادی کانگریس پارٹی قومی جمہوری اتحاد کا حصہ: اجیت پوار کا بیان۔

اور۔۔۔☆ پربھنی اور لاتور میں بادل پھٹنے جیسی زوردار بارش۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****